**پریس ریلیز**

**ریزرو بینک آف انڈیا**

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

15 **جون** 2016

# آر بی آئی نے ''سن متر اسہکاری بینک مریادت، ممبئی، مہاراشٹر'' پر پابندی کے احکامات جاری کئے

ریزرو بینک نے عوام کو مطلع کرتے ہوئے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے کہ اس نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (1) جو کہ سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ''سن متر اسہکاری بینک مریادت، ممبئی مہاراشٹر'' کے خلاف کچھ پابندیاں لگائی، ہیں جو 14 جون 2016 کو کام کے اوقات کے اختتام سے عمل پذیر ہونگی۔ اس کے تحت مندرجہ بالا بینک ریزرو بینک سے بغیر تحریری منظوری حاصل کئے ہوئے کسی بھی قسم کے لون نہ تو منظور کریگی اور نہ ہی لون کی تجدید کریگی۔ نہ ہی وہ کسی طرح کی ذمہ اری لیگی بشمول فنڈس اُدھار لینا یا نئے ڈپازٹس حاصل کرنا کوئی سرمایہ کاری کرنا یا کسی قسم کے پیمنٹ کی ادائیگی کرنا یا رقم بانٹنا خواہ وہ ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کیلئے ہو یا دوسری طرح کا احسان ہو، کسی طرح کا مالیاتی سمجھوتہ کرنا یا اپنی کسی پراپرٹی یا املاک کو فروخت کرنا یا اسکو کسی دوسرے کے نام منتقل کرنا وغیرہ سوائے ان معاملات کے جنکے بارے میں ریزرو بینک نے اپنے 14 جون 2016 کے احکامات میں ذکر کیا ہے۔ اس نوٹیفکیشن کی ایک کاپی عوام کیلئے یا متعلقہ لوگوں کی جانکاری کیلئے بینک احاطہ میں چسپاں کی گئی ہے ان احکامات کے تحت کسی بھی شخص جسکا کسی بھی طرح کا کھاتا، سیونگ بینک، کرنٹ اکاؤنٹ یا کوئی اور ڈپازٹ اکاؤنٹ اس بینک میں ہے وہ زیادہ سے زیادہ ایک ہزار (Rs.1000/-) روپیہ کی رقم اپنے کھاتہ سے لے سکتا ہے۔ بشرطیکہ ریزرو بینک کے احکامات میں اس کا ذکر ہو۔

ریزرو بینک کے ذریعہ اس بینک کے خلاف جاری پابندیوں کے احکامات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک اسکا بینکنگ لائسنس منسوخ کررہا ہے۔ یہ بینک اپنی بینکنگ تجارت کو پہلے کی طرح ہی جاری رکھے گا صرف کچھ پابندیوں کے ساتھ جب تک کہ اسکی مالی حالت بہتر نہیں ہوجاتی ہے، ریزرو بینک حالات کے مدنظر اپنے احکامات میں کچھ ترمیم کرسکتا ہے۔

**پریس ریلیز** 2016-2917/2015

**اجیت پرساد**
**اسسٹنٹ ایڈوائزر**